# Conduction of Computer Based Tests

## Khyber Pakhtunkhwa Public Service Commission



The Khyber Pakhtunkhwa Public Service Commission (KPPSC) has entered a new era of merit-based recruitment with the launch of its Computer-Based Ability Testing (CBT) system, marking a major digital transformation in the conduct of public service examinations. The initiative has been undertaken in collaboration with the Educational Testing and Evaluation Agency (ETEA), combining institutional expertise and technological capacity to modernise the testing process.

The first-ever computer-based tests under the new system are being conducted from September 24, 2026, with tests for Senior Instructor (Criminology) and Law Officer being held today, followed by examinations for Mobile Application Developer and Network Administrator on September 25 at the KPPSC IT Lab in Peshawar.

The initiative represents a significant shift from conventional paper-based testing towards a faster, more secure, transparent and technology-driven examination system.

The new CBT system is expected to substantially improve examination efficiency and accelerate the compilation of results, reducing the time and administrative effort traditionally required for paper-based tests and manual processing.

The transition to computer-based testing will also significantly reduce the Commission's dependence on printed question papers, answer sheets and other paper-based examination material, resulting in savings in printing, paper, stationery, transportation, storage and related administrative expenditure.

Most importantly, the digital testing environment will strengthen examination security and help curb the use of unfair means, with greater control over the testing process and reduced human handling of examination material.

The introduction of CBT is therefore not merely a technological upgrade, but a major institutional reform aimed at making public-sector recruitment more efficient, transparent, secure and responsive.

With the launch of CBT, KPPSC has taken an important step towards bringing the province's public service recruitment system in line with modern, technology-enabled examination practices, while creating a stronger foundation

for faster and more reliable recruitment processes in the future.



From paper-based examinations to digital testing, KPPSC has opened a new chapter in the evolution of competitive examinations in Khyber Pakhtunkhwa.

خیبرپختونخوا پبلک سروس کمیشن (KPPSC) نے صوبے میں سرکاری ملازمتوں کے لیے کمپیوٹر بیسڈ ایبلٹی ٹیسٹنگ (CBT) نظام کا باقاعدہ آغاز کردیا، جس کے تحت آج 24 ستمبر سے پہلی مرتبہ کمپیوٹر پر مبنی ٹیسٹ منعقد کیے جارہے ہیں۔

یہ اہم اقدام ایجوکیشنل ٹیسٹنگ اینڈ ایویلیوایشن ایجنسی (ETEA) کے تعاون سے اٹھایا گیا ہے، جس کا مقصد سرکاری ملازمتوں کے لیے ٹیسٹنگ کے عمل کو جدید، تیز، شفاف اور محفوظ بنانا ہے۔

نئے نظام کے تحت آج سینئر انسٹرکٹر (کرمنالوجی) اور لاء آفیسر کے ٹیسٹ منعقد ہورہے ہیں، جبکہ کل 25 ستمبر کو موبائل ایپلیکیشن ڈیولپر اور نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر کے لیے کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ لیے جائیں گے۔

کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹنگ کا آغاز روایتی کاغذی امتحانات سے ڈیجیٹل نظام کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے امتحانات کے انعقاد، نتائج کی تیاری اور بھرتی کے مجموعی عمل میں نمایاں تیزی آنے کی توقع ہے۔

نئے نظام کے ذریعے سوالیہ پرچوں، جوابی شیٹس اور دیگر امتحانی مواد کی پرنٹنگ کی ضرورت کم ہوگی، جس سے کاغذ، پرنٹنگ، اسٹیشنری، ترسیل اور امتحانی مواد کی تیاری و ذخیرہ کرنے پر آنے والے اخراجات میں کمی آئے گی اور سرکاری خزانے پر بوجھ کم ہوگا۔

کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹنگ امتحانات کے سکیورٹی نظام کو بھی مزید مضبوط بنائے گی۔ امتحانی عمل میں انسانی مداخلت اور کاغذی مواد کی نقل و حرکت کم ہونے سے غیر منصفانہ ذرائع کے استعمال اور امتحانی بے ضابطگیوں کی روک تھام میں مدد ملے گی۔

یہ اقدام محض ٹیکنالوجی کی تبدیلی نہیں بلکہ سرکاری بھرتیوں کے نظام میں ایک جامع اصلاح ہے، جس کا مقصد امیدواروں کو زیادہ شفاف، محفوظ اور موثر ٹیسٹنگ ماحول فراہم کرنا اور میرٹ پر مبنی بھرتیوں کے عمل کو مزید مستحکم بنانا ہے۔

KPPSC کی جانب سے کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹنگ کا آغاز خیبرپختونخوا میں جدید، شفاف اور ٹیکنالوجی پر مبنی مسابقتی امتحانات کے ایک نئے دور کا آغاز ہے، جس کے دائرہ کار کو مستقبل میں مزید وسیع کیا جاسکے گا۔

کاغذ سے ڈیجیٹل نظام تک، KPPSC نے سرکاری بھرتیوں کے امتحانی عمل کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم قدم اٹھا لیا۔